پڑھنے کا معیار ۱

ایسی پیاری خوشبو!

Author: Meera Hadap
Illustrator: Shreya Sen
Translator: Zabeeullah

کیا ہی پیاری خوشبو ہے۔ یہ کہاں سے آ رہی ہے؟

یہ یہاں سے نہیں آ رہی ہے۔

یہ پھولوں کی خوشبو ہے۔

یہاں سے نہیں ۔ یہ تو گائے کے گوبر کی بدبو ہے۔

اونہہ ! یہ سڑاند میرے گندے موزے سے آرہی ہے۔

ممم۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ مزے دار خوشبو گرم گرم لوچی آلو کی ہے۔

آہا، یہ پیاری خوشبو یہاں سے آرہی ہے، اس مٹھائیوں کی نئی دوکان سے۔ مٹھائی کی یہ خوشبو اس تازہ گلاب جامن سے آرہی ہے۔

پیارے دوستو! کیا آپ جانتے ہیں کہ ہماری ناک کے اندر لاکھوں خلیے ہوتے ہیں ؟ یہ خلیے ہمیں چیزوں کو سونگھنے میں مدد کرتے ہیں۔
یہ ہمیں یہ بتانے میں مدد کرتے ہیں کہ یہ مہک اچھی ہے یا بری ۔یہی مہک چیزوں کے ذائقہ کا اندازہ لگانے میں ہماری مدد کرتی ہے۔
کچھ چیزوں کی مہک سے ہم اندازہ لگالیتے ہیں کہ ہم اس سے کتنی دوری پر ہیں۔

مہک کو محسوس کرنے کی صلاحیت جانوروں میں انسان سے زیادہ ہوتی ہے۔

کیا آپ نے کبھی یہ دھیان نہیں دیا کہ مچھر ہمیں سونگھ لیتے ہیں، چاہے ہم کہیں بھی ہوں؟

اور چیونٹیوں کو ان ٹکڑوں کے بارے میں کون بتاتا ہے جنھیں ہم کھانے کے دوران زمین پر پھینک دیتے ہیں؟ بہت آسان سی بات ہے۔ یہ ان کے سونگھنے کی صلاحیت ہے جو انھیں بتاتی ہے۔

اس بات کو سب جانتے ہیں کہ کتوں کے پاس بہت تیز ناک ہوتی ہے جس سے وہ لٹیروں اور بموں کو تلاش کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

توکیا آپ جانتے ہیں کہ ہم کسی خوب صورت باغیچے کے پاس سے گزرتے ہوئے گہری سانس کیوں لیتے ہیں؟
اور جب ہم کوڑے کے ڈھیر کے پاس سے گزرتے ہیں تو اپنی ناک کیوں ڈھک لیتے ہیں؟

کیوں کہ کچھ ہے جو ہمیں ایسا کرنے کے لیے کہتا ہے۔ وہی تو ہے جسے سونگھنے کی حس کہا جاتا ہے۔

Story Attribution:

This story: ایسی پیاری خوشبو! is translated by Zabeeullah . The © for this translation lies with Pratham Books, 2021. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Derived from: 'Such a Sweet Smell!', by Meera Hadap . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'मीठी मीठी ख़ुशबू', by Meera Hadap . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. This story may have intermediate versions between the root and parent story. To see all versions, please visit the links.

Other Credits:

'Aesi Piyari Khushbu!' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org. The development of this book has been supported by Sofina Covid Solidarity Fund.

Images Attributions:

Cover page: A Child smelling flowers next to a handpump, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A child reading outdoors, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A happy child amid flowers, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Child sitting near a smelly cow shed, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Boy in his room, disgusted by the smell of a pair of socks, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Boy wraps his arm around a plate of food in the kitchen, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Busy market scene, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A girl with a plant, and a boy with food, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Boy near smelly dustbin, another boy with mosquito, by Shreya Sen © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Sofina Covid Solidarity Fund

ایسی پیاری خوشبو!

(Urdu)

اپو ایک دن دوپہر کے وقت سستا رہا تھا کہ اسے کسی چیز کی بو محسوس ہوئی، اسے نہیں معلوم تھا کہ وہ کیا چیز ہے۔ وہ اس بو کا پیچھا کرتا ہے تاکہ جان سکے کہ وہ کہاں سے آرہی ہے۔ کیا آپ اس کے ساتھ جانا چاہیں گے؟ یہ خوشبو کے بارے میں یہ کہانی آپ کو کولکاتہ شہر کی سیر کراتی ہے۔

This is a Level 1 book for children who are eager to begin reading.